# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 15 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِ اعظم سوریہ گھر اسکیم کے تحت کم وبیش دو لاکھ شمسی توانائی کے منصوبوں کے ساتھ مہاراشٹر ملک میں دوسرے مقام پر۔

☆ ریاست کی بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن کی آئندہ دو برسوں میں شیئر بازار میں لسٹ ہونے کی تیاری۔

☆ شولا پور شہر میں برفلو کی وباء‘ مرغیوں کا سروے کرنے اور نمونوں کی جانچ کرنے کا حکم۔

☆ ریاست بھر میں دھولی وندن کا تہوار منایا گیا جوش وخروش کے ساتھ۔ جالنہ میں نکالا گیا ہاتھی کا روایتی جلوس‘ جبکہ ویڑا میں دامادوں کی گدھے پر سواری اس برس کی گئی ملتوی۔

اور۔۔۔☆ ویمنس کرکٹ پریمیئر لیگ کا فائنل مقابلہ آج ممبئی انڈینس اور دہلی کیپیٹلز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مہاراشٹر نے وزیرِ اعظم سوریہ گھر اسکیم کے لاکھ ایک لاکھ 92 ہزار 936 شمسی توانائی کے پروجیکٹ لگا کر ملک میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔ وزیرِ دیویندر پھڑنویس نے سوشل میڈیا پر یہ اطلاع دی۔ گذشتہ 13 فروری کو شروع کی گئی اسکیم کے تحت 10 مارچ تک ملک بھر میں 10 لاکھ شمسی توانائی کے منصوبے لگائے گئے۔ وزیرِ اعلیٰ نے مزید بتایا کہ ریاست اس اسکیم میں اپنا تعاون جاری رکھے گی۔ اس اسکیم کا مقصد 2026-27 تک ایک لاکھ خاندانوں کا پہنچنا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کو بجلی فراہم کرنے والی کمپنی مہاوِترن آئندہ شیئر بازار میں لسٹ ہونے کی تیاری کر رہی ہے۔ کمپنی کے چیئرمین اور مینیجنگ ڈائریکٹر لوکیش چندرا نے ایک نیوز ایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ انھوں نے بتایا کہ آئندہ پانچ برسوں میں قابلِ تجدید توانائی کے ذرائع سے پیدا ہونے والی بجلی کا مجموعی تقسیم کا تناسب 13 فیصد سے پیدا ہونے والی بجلی کا مجموعی تقسیم میں تناسب 13 فیصد سے ہونے والی بجلی کا مجموعی تقسیم تناسب 13 فیصد سے بڑھا کر 52 فیصد کرنے کا منصوبہ ہے۔ حال ہی میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے قانون ساز اسمبلی میں اس کا وعدہ کیا تھا۔

***** ***** *****

United Forum of Bank Union (UFBU) نے آئندہ 24 اور 25 مارچ کو اپنی ہڑتال کی وارننگ کو برقرار رکھا ہے۔ UFBU نے انڈین بینک اسوسی ایشن کے ساتھ بینکوں میں خالی عہدے پُر کرنے اور پانچ دنوں کے ہفتے سمیت دیگر اہم مطالبات پر بات چیت کی ہے۔ تاہم یہ بات چیت بے نتیجہ ثابت ہوئی۔ اس لیے یونین نے اعلان کیا ہے کہ وہ ہڑتال پر جانے کیلئے پُرعزم ہے۔

***** ***** *****

گاہکوں کے حقوق کا عالمی دن آج منایا جارہا ہے۔ یہ دِن صارفین کے حقوق اور اس کے تحفظ کو برقرار رکھنے، ان کا احترام کرنے اور ترغیب دینے کیلئے منایا جاتا ہے۔ ''ایک پائیدار طرزِ زندگی کیلئے تبدیلی'' اس برس کے صارفین کے حقوق کے دِن کا نظریہ ہے۔

***** ***** *****

سینئر ادیب، ماہرِ تعلیم اور سماجی کارکن پروفیسر ڈاکٹر پتامبر سروَدے کا کل نندوربار میں انتقال ہوگیا۔ وہ 93 برس کے تھے۔ ان کی 30 سے زیادہ کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔ انھوں نے آکاشوانی کے جلگاؤں اور دھولیہ اسٹیشنوں سے 50 سے زیادہ لیکچرز اور سمینارز میں حصہ لیا تھا۔

***** ***** *****

شولاپور شہر میں برڈ فلو کی وباء دیکھی گئی ہے۔ شہر کی چھترپتی سمبھاجی مہاراج جھیل، سدھیشور مندر اور قلعہ باغ کے علاقوں میں کوے، تیتر اور بطخوں کی موت ہوگئی ہے۔ بھوپال کی ایک تجزیہ گاہ سے ملی رپورٹ کے مطابق ان پرندوں کی موت برڈ فلو کی وجہ سے ہوئی ہے۔ اس لیے ضلع کلکٹر کمار آشیرواد نے اس علاقے میں پرندوں اور جانوروں کی نقل وحرکت پر پابندی لگاتے ہوئے اس کی فوری روک تھام کی ہدایت دی ہے۔ ان علاقوں کو جراثیم سے پاک کرنے کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ متاثرہ علاقے کے 10 کلومیٹر کے دائرے میں مرغیوں کے نمونوں کا سروے اور جانچ کرنے کے احکامات جاری کردیئے گئے ہیں۔ گہرے گڑھے کھود کر مردہ پرندوں کو سائنسی طریقے سے ٹھکانے لگانے کا مشورہ بھی دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

خلائی ادارے ناسا اور Spacex نے بھارتی نژاد امریکی خلاء باز سنیتا ولیمز کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے واپس لانے کیلئے کل رات ایک خلائی جہاز بھیجا ہے۔ خلاء باز سنیتا ولیمز اور بُچ وِلمور ہفتے بھر کیلئے خلائی اسٹیشن گئے تھے، تاہم تکنیکی خرابی کے سبب وہ تقریباً آٹھ مہینوں سے وہیں پھنسے ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کی بال بھارتی نے جرمن کورس بک کے نام سے ایک کتاب شائع کی ہے تاکہ لوگوں کو مراٹھی سے جرمن زبان سیکھنے میں مدد مل سکے۔ اس کتاب میں جرمن تلفظ دیوناگری رسم الخط میں دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دھولی وندن کا تہوار کل ہر طرف جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ ہر طرف مختلف رنگوں میں رنگے بچے اور بڑے نظر آرہے تھے۔ انتظامیہ اور ماحولیاتی تنظیموں نے شہریان سے قدرتی رنگوں کا استعمال کرتے ہوئے اس تہوار کو ماحول دوست انداز میں منانے کی اپیل کی تھی۔ اسی مناسبت سے اکثر علاقوں میں شہری خشک رنگوں سے دھولی وندن کا تہوار مناتے ہوئے نظر آئے۔

نندوربار ضلع کے سات پُڑا پہاڑی سلسلے میں قبائیلوں کی مشہور راج واڑی کاٹھی ہولی کل صبح ساڑھے پانچ بجے جلائی گئی۔ عیسوی سن 1242 میں کاٹھی سنستھان کے راجہ اُمید سنگھ نے سات پُڑا کے قبائیلوں کو ایک جٹ کرکے کاٹھی کی راج واڑی ہولی کی شروعات کی تھی۔ تب سے جاری روایت کے مطابق یہ ہولی منائی جاتی ہے۔ قبائلی سماج کے لوگ مختلف روپ اختیار کرکے اپنے روایتی لباس میں ڈھول، بجری اور گھنگھرے کی تال پر رقص کرتے ہیں۔ سات پُڑا میں ہولی کا تہوار 15 دنوں تک منایا جاتا ہے۔

ایوت محل کے ماریگاؤں تعلقے کے بودی میں سنت گداجی مہاراج یاترا کے دوران گوٹ مار ہولی کھیلی گئی۔ اس تہوار میں گاؤں کے لوگ دو گروہ بنا کر ہوتو تو کھیلتے ہیں۔ ہارنے والے کھلاڑیوں کا علامتی طور پر ارتھی نکالی جاتی ہے۔ آخر میں گوٹ مار یعنی پتھر مارنے کا کھیل شروع ہوتا ہے جو کسی دیہاتی کے پتھر لگ کر زخمی ہونے پر رُک جاتا ہے۔

اسی بیچ ایوت محل میں بنجارہ سماج کی جانب سے رنگوں کا تہوار ہولی رابطہ وزیر سنجے راٹھوڑ کی موجودگی میں منایا گیا۔ اس موقع پر روایتی لینگی رقص پیش کیا گیا۔ اسی طرح ہولی اور دھولی وندن کا تہوار پربھنی ضلع کے جنتور تعلقے میں واقع آڑ گاؤں تانڈ لے پر بنجارہ برادری کے روایتی انداز میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر ریاست کی خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیرِ مملکت میگھنا ساکورے بورڈ یکر نے بھی بنجاروں کا روایتی لباس پہن کر رقص کا لطف اٹھایا۔

وہیں چھترپتی سمبھا جی نگر میں Iscon تنظیم نے کل شام شہر کے عدالت روڈ کے قریب ایک مرکز میں گرو پورنیما تہوار منایا گیا۔

اسی طرح جالنہ شہر میں روایتی دھولی وندن کا تہوار ہاتھی رسالہ جلوس نکال کر جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ اس جلوس کا یہ 136 واں برس ہے۔ جس علاقے سے ہاتھی پر بیٹھے راجہ کا جلوس رنگ کھیلتے ہوئے گذرتا ہے وہاں ہولی کھیلنا روکا جاتا ہے۔ یہی روایت ہے۔ کل بھی یہ جلوس نکالا گیا۔ رکنِ پارلیمان کلیان کالے، سپر نٹنڈنٹ آف پولس اجئے کمار بنسل اور شہریان نے بڑی تعداد میں اس جلوس میں شرکت کی۔

بیڑ ضلعے کے کیج تعلقے کے وِڈا میں دھلنڈی کی مناسبت سے سینکڑوں برسوں سے چلی آ رہی دامادوں کو گدھوں پر بٹھا کر جلوس نکالنے کی روایت اس برس منسوخ کر دی گئی۔ مساجوگ کے سر پنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل کے سبب وِڈا کے مکینوں نے اتفاقِ رائے سے اسے منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اسی طرح ناندیڑ میں آج سکھ بھائیوں کا ''ہولا محلّہ'' تہوار منایا جائے گا۔

***** ***** *****

امراوتی ایکسپریس کل جلگاؤں ضلع کے بوروڑ ریلوے اسٹیشن کے قریب پھاٹک پر پٹری سے اُتر کر ٹرک سے ٹکرا گئی۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک مال بردار ٹرک ریلوے پھاٹک عبور کرتے ہوئے اچانک رُک گیا۔ خوش قسمتی سے اس حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

***** ***** *****

ریاست میں آج سے گائے اور بھینس کے دودھ کی قیمتوں میں دو روپئے فی لیٹر کا اضافہ کیا جا رہا ہے۔ دودھ کی پیداوار اور پروسیس کرنے والوں کی تنظیم کے ممبران نے پونے کے کٹراج ڈیری میں ایک میٹنگ کی، جس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اس فیصلے کے مطابق اب گائے کا دودھ 56 روپئے فی لیٹر سے بڑھ کر 58 روپئے ہو گیا ہے، جبکہ بھینس کا دودھ 72 روپئے فی لیٹر سے بڑھ کر 74 روپئے ہو گیا ہے۔ مذکورہ تنظیم کے صدر گوپال مہسکے نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

وومنس پریمیر لیگ کرکٹ کے فائنل میں آج ممبئی انڈینس کا مقابلہ دہلی کیپیٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ ممبئی کے بریبورن اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیموں نے 8 میں سے 5 میچز جیتے ہیں۔ تاہم پوائنٹس کے فرق میں برتری کے سبب دہلی کیپٹلز سرِ فہرست ہے۔ یہ ٹیم تیسری بار فائنل مقابلے میں پہنچی ہے۔

***** ***** *****

آل انگلینڈ بیڈمنٹن چمپئن شپ مقابلے میں بھارت کا چیلنج ختم ہو گیا ہے۔ بھارت کے لکشیہ سین کل مینز سنگلز کے کوارٹر فائنل میں ہار گئے' وہیں خواتین کے ڈبلز میں تریشا جوالی اور گائیتری گوپی چند کو کوارٹر فائنل میں ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِ اعظم سوریہ گھر اسکیم کے تحت کم وبیش دو لاکھ شمسی توانائی کے منصوبوں کے ساتھ مہاراشٹر ملک میں دوسرے مقام پر۔

☆ ریاست کی بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن کی آئندہ دو برسوں میں شیئر بازار میں لسٹ ہونے کی تیاری۔

☆ شولاپور شہر میں برفلو کی وباء؛ مرغیوں کا سروے کرنے اور نمونوں کی جانچ کرنے کا حکم۔

☆ ریاست بھر میں دھولی وندن کا تہوار منایا گیا جوش وخروش کے ساتھ؛ جالنہ میں نکالا گیا ہاتھی کا روایتی جلوس' جبکہ ویڑا میں دامادوں کی گدھے پر سواری اس برس کی گئی ملتوی۔

اور۔۔۔☆ ویمنس کرکٹ پریمیئر لیگ کا فائنل مقابلہ آج ممبئی انڈینس اور دہلی کیپیٹلز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****